سبق – 20

# اسکول کا سالانہ جلسہ

4205CH20

آج اسکول کا سالانہ جلسہ ہے۔ سارا اسکول دلہن کی طرح سجایا گیا ہے۔ میدان، دیواریں، کلاس روم، یہاں تک کہ پیڑ پودے اور کیاریاں بھی سجی ہوئی ہیں۔

آج درجہ اوّل سے پنجم تک کے طالب علموں کو انعام دیا جائے گا۔ اسکول کے سبھی بچّے ایک بڑے ہال میں جمع ہیں۔ ان کے ساتھ ان کے والدین اور بھائی بہن بھی ہیں۔ رشتے دار بھی ہیں۔ کلاس میں اوّل آنے والے بچّوں کو اور ارشد کو بہادری کا انعام دیا جائے گا۔ ارشد نے کچھ ہی دنوں پہلے اپنے اسکول کی عمارت کو آگ لگنے سے بچایا تھا۔



© NCERT not to be republished



سب سے پہلے اسکول کے بچّوں نے اپنے اپنے پروگرام پیش کیے۔ جُنید نے صفائی اور صحت پر تقریر کی۔ اُس نے بتایا کہ صحت اور تن دُرستی کے لیے اپنے بدن، کپڑے اور آس پاس کی جگہ صاف رکھنا ضروری ہے۔ عَذرا نے وقت کی پابندی پر ایک نظم سُنائی۔ نظم میں بتایا گیا تھا کہ وقت سب سے قیمتی چیز ہے۔ امتحان اور زندگی میں کامیابی کے لیے وقت کی پابندی ضروری

ہے۔ اِفتخار نے ماحولیات پر تقریر کی۔ اُس نے کہا کہ پیڑ پودے، جانور، پرندے، ندی اور سمندر سب ہمارے لیے مفید ہیں۔ ہمیں زیادہ سے زیادہ پیڑ پودے لگانے چاہئیں۔ درختوں سے ہمیں تازہ ہوا ملتی ہے اور سایہ بھی ملتا ہے۔ موہن اور اس کے ساتھیوں نے دوستی اور میل ملاپ کے موضوع پر ایک ڈراما پیش کیا۔ ڈرامے میں بتایا گیا کہ ہمیں ضرورت مندوں کی مدد کرنی چاہیے۔

استاد، والدین اور بچّے پروگرام دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔ اِس کے بعد انعام تقسیم ہونے کی باری آئی جس کا سب کو بے چینی سے انتظار تھا۔

ایک ایک کرکے انعام پانے والے بچّوں کے نام پکارے گئے۔ سبھی نے زور دار تالیوں سے اُن کا استقبال کیا۔ سب سے پہلے اکبر کو بلایا گیا۔ پھر ارشد کو۔ اس کے بعد اُن بچّوں کو انعام دیا گیا جنھوں نے دوسرے پروگراموں میں کامیابی حاصل کی تھی۔ موہن کو ڈرامے کا انعام دیا گیا۔ فوزیہ کو صفائی سُتھرائی کا انعام ملا۔ عادِل کو ڈرائنگ، نیلوفر کو پینٹنگ اور ساجد اور شاہینہ کو کلاس روم کی سجاوٹ کے لیے انعام دیا گیا۔



سب سے زیادہ حاضری کے لیے عذرا کو انعام ملا۔ جلسے میں موجود سبھی لوگ انعام حاصل کرنے والے بچّوں کا حوصلہ بڑھا رہے تھے۔

قومی ترانے کے ساتھ جلسہ ختم ہوا اور مٹھائی تقسیم کی گئی۔ سارے بچّے خوشی خوشی اپنے گھر لوٹ گئے۔

© NCERT not to be republished

# مشق



## پڑھیے اور سمجھیے۔

اوّل : پہلا

پنجم : پانچواں

والدین : ماں باپ

ماحولیات : ماحول سے متعلق علم جس میں پیڑ پودے، جانور، پانی ہَوا اور آواز وغیرہ شامل ہیں۔

مُفید : فائدے مند

تقسیم کرنا : بانٹنا

حَوصلہ : ہِمّت



## ان سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. اسکول کو دلہن کی طرح کیوں سجایا گیا تھا؟
2. انعام کن درجوں کے بچّوں کو دیا گیا؟

© NCERT not to be republished

3. ارشد کو بہادری کا انعام کیوں دیا گیا تھا؟

4. صفائی اور صحت پر کس نے تقریر کی؟

5. عذرا کی نظم میں کیا خاص بات تھی؟



## خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

درختوں | حال | خوشی خوشی | دلہن | قیمتی

1. سارا اسکول ______ کی طرح سجایا گیا تھا۔
2. اسکول کے سبھی بچّے ایک بڑے ______ میں جمع تھے۔
3. وقت سب سے ______ چیز ہے۔
4. ______ سے ہمیں تازہ ہوا ملتی ہے اور سایہ بھی ملتا ہے۔
5. سارے بچّے ______ اپنے گھر لوٹ گئے۔



## جملوں کے سامنے صحیح (✓) یا غلط (×) کا نشان لگایئے۔

1. صحت کے لیے صفائی ضروری ہے۔ (   )
2. وقت کی پابندی ضروری نہیں ہے۔ (   )
3. ہمیں دوسروں کی مدد کرنی چاہیے۔ (   )

© NCERT not to be republished

4. سالانہ جلسے میں ارشد کو بہادری کا انعام نہیں ملا۔ (   )

5. قومی ترانے کے ساتھ جلسہ ختم ہوا۔ (   )



حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے۔

| الف | ب |
|---|---|
| ارشد | وقت کی پابندی |
| جنید | ماحولیات |
| موہن | بہادری |
| عذرا | صفائی اور صحت |
| افتخار | دوستی اور میل ملاپ |

© NCERT not to be republished



سبق میں لفظ 'ضرورت مند' آیا ہے۔ آپ بھی نیچے دیے ہوئے لفظوں کے آخر میں 'مند' لگا کر لفظ بنایئے۔

مثال : صحت = صحت مند

دولت = ________

عقل = ________

فکر = ________

فائدہ = ________

حَوصلہ = ________



حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے۔

| الف | ب |
| --- | --- |
| دن | پانی |
| صفائی | رات |
| آگ | ختم |
| صحیح | اونچا |
| شروع | گندگی |
| نیچا | غلط |

© NCERT not to be republished



سوچیے اور بتایئے۔

1. اسکول کے سالانہ جلسے میں کیا کیا پروگرام ہوتے ہیں؟

2. آپ کے اسکول میں سالانہ جلسے کے علاوہ اور کون سے جلسے ہوتے ہیں؟

3. سالانہ جلسے کے لیے آپ کس طرح کی تیاریاں کرتے ہیں؟



خوش خط لکھیے۔

| | |
|---|---|
| کیاریاں | ______ ______ ______ ______ ______ |
| پنجم | ______ ______ ______ ______ ______ |
| بہادری | ______ ______ ______ ______ ______ |
| تقسیم | ______ ______ ______ ______ ______ |
| ماحولیات | ______ ______ ______ ______ ______ |

© NCERT not to be republished



اپنے اسکول کے جلسے کے بارے میں پانچ جملے لکھیے۔

.1 ______________________________

.2 ______________________________

.3 ______________________________

.4 ______________________________

.5 ______________________________

میرا نام............................................ ہے۔

میرے اسکول کا نام.................................ہے۔

میں.......................کلاس میں پڑھتا/پڑھتی ہوں۔

میں.........................میں رہتا ہوں/رہتی ہوں۔

میری اردو کی کتاب کا نام ......................... ہے۔



© NCERT not to be republished